© rasailojaraid.com

# المعارف کے بارے میں نہایت ضروری اعلان

ادارہ ثقافتِ اسلامیہ کا ترجمان "ثقافت" کے نام سے جنوری ۱۹۵۵ء میں جاری ہوا تھا۔ دسمبر ۱۹۶۷ء تک یہ مسلسل ہر ماہ چھپتا اور قارئین کرام کی خدمت میں پہنچتا رہا۔ جنوری ۱۹۶۸ء میں اس کا نام ثقافت کے بجائے "المعارف" رکھ دیا گیا۔ اس نام سے یہ مجلہ ستمبر ۱۹۸۴ء تک باقاعدگی سے ماہ بماہ شائع ہوا۔

دسمبر ۱۹۸۴ء میں بعض انتظامی تبدیلیوں کی بنا پر "المعارف" کے ماہانہ کے بجائے خصوصی شمارے شائع ہونے لگے۔ ۱۹۹۱ء کے آخر تک دس خصوصی شمارے معرضِ اشاعت میں آئے۔

اب جولائی ۱۹۹۲ء سے اسے پھر ماہانہ کر دیا گیا ہے۔ زیرِ نظر شمارہ تقریباً ایک سو چالیس صفحات پر محیط ہے، آئندہ ان شاء اللہ ہر مہینے ۶۴ صفحات کا رسالہ شائع ہوا کرے گا۔ سال میں دو خصوصی شمارے چھپا کریں گے جو مختلف تحقیقی و علمی مضامین پر مشتمل ہوں گے۔

قیمت فی شمارہ دس روپے ہوگی اور سالانہ زرِ خریداری ایک سو بیس روپے ہوگا۔ مستقل سالانہ خریدار حضرات کی خدمت میں دو خصوصی شمارے اسی قیمت میں پیش کیے جائیں گے۔

اپنے کرم فرماؤں کی خدمت میں گزارش ہے کہ وہ خود بھی "المعارف" کے خریدار بنیں اور اپنے حلقۂ احباب میں بھی اس کی توسیعِ اشاعت کے لیے کوشش فرمائیں۔

(ادارہ)

© rasailojaraid.com